Tarjuma Tul Quran Majeed - ICom Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 7 Short Questions Test

Q1. لفظ کے معنی تحریر کریں- یومنون- رزقنھیم- انزل- سواء- لایومنون- غشاوۃ- القیوم - نوم

Ans 1: یومنون- وہ ایمان رکھتے ہیں- رزقنھم- ہم نے انہیں رزق عطا کیا- انزل- نازل فرمایا گیا- سواء- برابر ہے - لا یومنون- وہ ایمان نہیں لائیں گے غشاوہ- پردہ القیوم - سب کو قائم رکھنے والا- نوم - نیند

Q2. سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون کیا ہے.؟

Ans 1: سورۃ الانفال کا مرکزی مضمون " اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کے آداب و فضائل کا بیان اور صلح و جنگ کے احکام کی وضاحت" ہے. سورۃ الالنفا میں اللہ تعالیٰ نے اپنے انعامات بھی یاد دلائے ہیں- مسلمانوں نے جس جاں نثاری کے ساتھ یہ جنگ لڑی ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی بھی فرمائی ہے- ساتھ ساتھ ان کمزرویوں کی نشان دہی بھی کی گئی ہے جو اس جنگ میں سامنے ائیں - ائندہ کے لیے ایسی ہدایات بھی دی گئی ہیں جو ہمیشہ مسلمانوں کی کامیابی اور فتح و نصرت کا سبب بن سکتی ہیں- جہاد اور مال غنیمت کی تقسیم کے بہت سے احکام اس سورت میں بیان ہوئے.

Q3. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

Q4. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans 1: بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q5. سورۃ الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q6. لفظ کے معنی تحریر کریں- یسلونک- اصلحوا- وجلت - یتوکلون- فتہ- فتفشلوا- بطرا-

Ans 1: یسئلونک- وہ آپ سے سوال کرتے ہیں- اصلحوا- درست رکھو- وجلت- کانپ اٹھتے ہیں- یتوکلون- وہ توکل کرتے ہیں- فئتہ- کوئی لشکر فتفشلوا- ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤگے- بطرا- اکڑتے ہوئے

Q7. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q8. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت عمران ،حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا.

Q9. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Q10. غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ کس سے تھا؟

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے اعلان جہاد فرمایا . صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم دیا کہ ملک شام جاکر قیصر روم کی افواج سے مقابلہ کیا غزوہ تبوک میں حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اگر یہ اقدام نہ فرماتے تو اسے اسلام اور مسلمانوں کی کمزوری سمجھا جاتا۔ منافقین نے مسلمانوں کو بددل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ اپنے اس مذموم ارادے مین کامیاب نہ ہوسکے.